تشدّد سے نجات میں مدد کی ادائیگی (Escaping Violence Payment)

کیا آپ، یا آپ کا کوئی جاننے والا، اپنے تشدّد کرنے والے جیون ساتھی کو چھوڑ چکا ہے یا چھوڑنے کی کوشش کر رہا ہے؟ ایک جیون ساتھی ایسا شخص ہوتا ہے جس کے ساتھ آپ کا رومانوی تعلق رہا ہو جیسے شوہر، بیوی، پارٹنر، بوائے فرینڈ یا گرل فرینڈ۔

اگر آپ آسٹریلوی شہری یا مستقل رہائشی ہیں، آپ کی عمر 18 سال سے زائد ہے اور رہائشی انتظامات حال ہی میں تبدیل کیے ہیں اور آپ مالی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، تو آپ Escapeing Violence Payment (EVP) پروگرام کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

EVP پروگرام آپ کو زندگی میں آگے بڑھنے اور ایک تشدّد سے پاک گھر تشکیل دینے کے لیے مالی مدد فراہم کرتا ہے۔

EVP پروگرام کو آسٹریلوی حکومت کی معاونت حاصل ہے اور اسے UnitingCare نیٹ ورک چلاتا ہے۔ EVP ٹیمیں ہر اسٹیٹ اور ٹیریٹری میں آپ کی مدد کے لیے موجود ہیں۔

یہ پروگرام کیسے کام کرتا ہے؟

EVP پروگرام $5,000 تک کی مالی معاونت فراہم کرتا ہے بشمول:

- $1,500 تک کیش (یا کیش کے مساوی)
- $3,500 تک کی اشیاء اور خدمات جیسے سامان کی ترسیل کی خدمات، کرائے کے گھر کے لیے بانڈز یا گھریلو استعمال کی اشیاء۔

یہ مالی امداد آپ کی ضروریات اور ترجیحات پر مبنی ہوگی۔

کیا میں اہل ہوں؟

آپ اس صورت میں EVP پروگرام کے لیے اہل ہیں اگر:

- آپ کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے
- آپ آسٹریلوی شہری یا مستقل رہائشی ہیں یا آپ آسٹریلیا میں کسی مخصوص پروٹیکٹڈ اسپیشل کیٹگری ویزے پر رہ رہے ہیں
- آپ اپنے جیون ساتھی کی جانب سے تشدّد کی وجہ سے اپنی رہائش تبدیل کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں یا آپ نے پچھلے 12 ہفتوں کے دوران اپنی رہائش تبدیل کر لی ہے
- آپ کو مالی مسائل کا سامنا ہے اور آپ نے پچھلے 12 ماہ کے دوران EVP حاصل نہیں کی۔

مجھے ادائیگی کیسے ملے گی؟

آپ آن لائن جا کر **unitingvictas.org.au/escaping-violence-payment** کے ذریعے درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو درخواست مکمل کرنے میں معاونت کی ضرورت ہے تو 387 387 1800 پر کال کریں۔ اگر آپ کا کوئی سپورٹ ورکر ہے تو وہ آپ کو درخواست میں مدد دے سکتا ہے اور آپ کی جانب سے آن لائن جا کر درخواست جمع کروا سکتا ہے۔

مزید جاننے کے لیے اسکین کریں

EVP پروگرام کے لیے درخواست دینے کے لیے **unitingvictas.org.au/escaping-violence-payment** پر جائیں

براہ مہربانی نوٹ فرما لیں کہ EVP پروگرام ہنگامی صورتحال میں معاونت کی خدمت نہیں ہے۔ اگر آپ کو کوئی خطرہ لاحق ہے تو فوری طور پر **000** پر کال کریں۔

اگر آپ کو اپنی حفاظت کی منصوبہ بندی کرنے میں معاونت کی ضرورت ہے تو آپ **1800 RESPECT** یا **1800 737 732** پر کال کر سکتے ہیں یا ان کی آن لائن چیٹ سروس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Urdu | اردو

آسٹریلوی حکومت سے فنڈ شدہ

Australian Government
Department of Social Services

Wesley Mission · Uniting SA · UCWB · Uniting Country SA · Uniting Communities · UnitingCare · UnitingCare Australia · Uniting